بے نقاب کیا ہے اور نئی نسل کو قادیانیوں کے دجل وفریب سے روشناس کرانے کی کوشش کی ہے۔ اس مجلد کتابچہ کے صفحات ۱۳۴ اور قیمت ۵۰ روپے ہے۔

''قادیانیت'': یہ مختلف مضامین کا مجموعہ ہے جس میں قادیانیت کے متعدد پہلوؤں کو بے نقاب کرتے ہوئے مسلمانوں کو اس فتنہ سے خبردار کیا گیا ہے۔ صفحات: ۳۵۸۔ قیمت: ۱۰۰ روپے

''قادیانیت شکن'': اس مجموعے میں بھی مذکورہ موضوع پر مختلف مضامین کو جمع کیا گیا ہے اور پونے تین سو سے زائد صفحات کی اس مجلد کتاب کی قیمت ۷۵ روپے ہے۔

مذکورہ تمام کتب عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، حضوری باغ روڈ ملتان سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

''موذن کا مقام اور اذان کی اہمیت وفضیلت''

مولانا حبیب الرحمٰن ہاشمی نے اذان کے بارے میں احادیث کے ذخیرہ سے بہت سی مفید معلومات خوب صورت انداز میں جمع کی ہیں اور اذان کی فضیلت واہمیت کے ساتھ ساتھ موذن کے مقام پر روشنی ڈالی ہے۔

۱۲۸ صفحات کی یہ مجلد کتاب مکتبہ قاسمیہ ملتان نے شائع کی ہے۔ اس کی قیمت ۶۰ روپے ہے اور اسے بخاری اکیڈمی، مہربان کالونی، ملتان سے طلب کیا جاسکتا ہے۔

ماہنامہ ''التبلیغ'' راول پنڈی

ادارۂ غفران راول پنڈی نے ماہنامہ ''التبلیغ'' کے نام سے ایک دینی واصلاحی جریدہ کا آغاز کیا ہے جس کا پہلا شمارہ اس وقت ہمارے سامنے ہے۔ مولانا مفتی محمد رضوان اس کے مدیر ہیں اور اس میں مختلف عنوانات پر علمی اور اصلاحی مضامین کو شامل اشاعت کیا گیا ہے۔ کمپوزنگ اور طباعت معیاری ہے۔ فی شمارہ پندرہ روپے اور سالانہ زر مبادلہ ڈیڑھ سو روپے ہے۔ ملنے کا پتہ: ماہنامہ ''التبلیغ''، ادارہ غفران، پوسٹ بکس ۹۵۹، راول پنڈی

''اوراد ووظائف''

ہمارے ملک کے معروف خطیب مولانا عبد الکریم ندیم نے قرآن وسنت کی روشنی میں دینی ودنیاوی پریشانیوں کے حل کے لیے ''اوراد ووظائف'' کے عنوان سے یہ مختصر مجموعہ مرتب کیا ہے اور روزمرہ ضروریات ومعمولات کے حوالہ سے مسنون دعاؤں اور وظائف کی طرف راہ نمائی کی ہے۔

صفحات: ۶۴۔ ملنے کا پتہ: انجمن خدام الاسلام حنفیہ قادریہ، مسجد امن، جی ٹی روڈ، باغبان پورہ، لاہور